# طریقہ قربانی:

قربانی کرنے والا اچھی طرح ذبح کرسکتا ہے تو بہتر ہے کہ خود سے ذبح کرے۔ قبل ذبح یہ دعا پڑھے:

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ۝ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۝ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذَالِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۝ جانور کو قبلہ رخ بائیں پہلو لٹائیں اور اپنا داہنا پاؤں اس کے شانے پر رکھ کر بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَر کہہ کر تیز چھری سے ذبح کریں بعد ذبح یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِكَ اِبْرَاهِیْمَ وَ ذَبِیْحَكَ اِسْمَاعِیْلَ وَحَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ عَلَیْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۝ اگر دوسروں کی طرف سے ہو تو مِنِّیْ کی جگہ مِنْ فلاں ابن فلاں یعنی جتنے لوگ شریک ہوں سب کا نام مع ولدیت پڑھیں۔